# تقابل ادیان پر منتخب برقی اُردو کتب کے تعارف اور مندرجات کا مختصر جائزہ

# (Introduction and Overview of Selected Urdu E-Books on Comparative Religions)

سعید الرحمٰن*


## Abstract:

*The study of religion is one of the best ways to prepare for any field requiring refined sensitivity to the needs, interests, and practices of others. The cotemporary era, when the whole world has shrinked into one global village, the need for understanding one another has further increased. That is why interreligious dialogues and debates covering different areas of comparative religion have become very common and the vast majority of humankind are busy in participating in activities which have traditionally been designated "religious". The current paper presents a brief introduction and content review of Selected Urdu E-books written by different Muslim Scholars from time to time on this subject. All of these books are also available in electronic format along with the print versions. The article also identifies those web links from where these can be downloaded, studied and saved for later.*


عصر حاضر میں جب کہ پوری دنیا سکڑ کر ایک عالمی گاؤں کی صورت اختیار کر چکی ہے تو آئے دن مختلف مذاہب کے افراد کا باہمی رابطہ و مکالمہ اور مذاکرہ و مباحثہ ہوتا رہتا ہے، اس سلسلے میں مطالعات دینیہ میں تقابل ادیان ایک اہم موضوع کی حیثیت حاصل کر چکا ہے اور معاصر مقتضیات کے تحت مسلم سکالرز تقابل ادیان کے موضوع پر گراں قدر علمی ذخیرے سامنے لا رہے ہیں۔ تقابل ادیان سے مراد دنیا کے اندر پائے جانے والے مختلف، مشہور الہامی اور غیر الہامی ادیان ومذاہب کے اصول وعقائد، عبادات ورسومات، مقدس کتب ومذہبی تعلیمات، فلسفہ واخلاقیات وغیرہ کا آپس میں عادلانہ وغیر جانب دارانہ، ناقدانہ وغیر متعصبانہ مقارنہ ومقابلہ اور موازنہ ومحاکمہ کرنا ہے تاکہ ہر مذہب کی حقیقت

* لیکچرر و پی ایچ ڈی سکالر علوم اسلامیہ، عبد الولی خان یونیورسٹی مردان

واصلیت پوری طرح عیاں ہوجائے۔ اگر کسی مذہب میں کوئی خوبی ہے تو اس کا کھلم کھلا اعتراف کیا جائے اور اگر کوئی نقص ہے تو اس کا بھی مدلل رد کیا جائے نیز ان مشترکات وتضادات کی تفصیلی معلومات کی بنیاد پر استدلال سے کام لے کر یہ نتیجہ اخذ کیا جائے کہ کون سا دین افضل، قابل عمل اور انسان کے فطری تقاضوں کے عین مطابق ہے۔ "تقابل ادیان" کے لیے عام طور پر عربی میں "مقارنة الادیان"، اردو میں "تقابلی مذہبیات" اور انگریزی میں Comparative Religions کے اصطلاحی عنوانات استعمال کئے جاتے ہیں۔

تقابل ادیان پر مسلم علماء نے عربی، فارسی، اردو، انگریزی اور دیگر زبانوں میں پیش بہا علمی ورثہ چھوڑا ہے اور مفید تحقیقی، اور معلوماتی کتب تحریر کی ہیں۔ اس موضوع پر تحریر کردہ جامع کتب کے بیان میں درج ذیل الہامی اور غیر الہامی ادیان ومذاہب کو زیر بحث لایا گیا ہے۔

| S# | اردو نام | عربی نام | انگریزی نام | متبادل مستعمل نام |
|---|---|---|---|---|
| **(الف)۔ سامی / الہامی ادیان ومذاہب (Semitic Religions)** | | | | |
| .1 | یہودیت | الیہودیة | Judaism | یہودی مذہب، شریعتِ موسوی، دینِ یہود |
| .2 | عیسائیت | النصرانیة/ المسیحیة | Christianity | نصرانیت، مسیحیت، دینِ مسیحؑ |
| .3 | اسلام | الاسلام | Islam | دینِ اسلام، دینِ حنیف |
| **(ب)۔ غیر سامی / غیر الہامی مذاہب (Non-Semitic Religions)** | | | | |
| **A. ہندوستانی مذاہب (Indian Religions)** | | | | |
| .1 | ہندومت | الھندوسیة | *Hinduism* | سناتن دھرم، ویدک دھرم، ویدک مت، برہمنیت |
| .2 | جین مت | الجیانیة | Jainism | جینیت، جین مذہب، جینی مذہب |
| .3 | بدھ مت | البوذیة | Buddhism | بدھ مذہب، بدھ دھرم |
| .4 | سکھ مت | السیخیة | Sikhism | سکھ دھرم، سکھ مذہب |
| **B. چینی مذاہب (Chinese Religions and Traditional Philosophies)** | | | | |
| .1 | تاؤمت | الطاویة | Taoism | طاؤیت، تاؤمذہب، تاؤفلسفہ |
| .2 | کنفیوشسیت | الکونفوشوسیة | Confucianism | کنفیوشس مت[1]، کنفیوش مت |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| C. | جاپانی مذہب (Japanese Religions/Philosophy) | | | |
| .1 | شنٹومت | شنتو/الشِنتویۃ | Shintoism/Shinto | شنتومت[2]، شنٹو مذہب |
| D. | ایرانی مذہب (Iranian Religion) | | | |
| .1 | زرتشتیت | الزرادشتیۃ/ المجوسیۃ | Zoroastrianism | زرتشت مت، پارسی مذہب، مجوسیت |
| (ج)۔ دینِ اسلام سے منحرف مذاہب وفرق (Post-Islamic Religions) | | | | |
| .1 | بابیت / بہائیت | البابیۃ/البہائیۃ | Bahá'í Faith /Bábism | بابیت، بہائی مذہب |
| .2 | قادیانیت | القادیانیۃ | *Ahmadiyya* | مرزائیت، احمدیت |
| .3 | ذکری مذہب | الذکریۃ | Dhikri Faith | ذکری فرقہ |

## منتخب برقی کتب: ایک جائزہ

تقابل ادیان پر مختلف مسلم سکالرز( مصنفین/مؤلفین/مرتّبین/مترجمین) کے درج ذیل چودہ(۱۴) برقی اردوکتب تک تادمِ تحریر رسائی ہوئی ہے۔واضح رہے کہ ان میں سے اکثر کتب مطبوعہ اور برقی دونوں صورتوں میں دستیاب ہیں[3]۔یوں تو انٹرنیٹ ایک وسیع دنیا ہے جس کا احاطہ کرنا ایک عام انسان کے بس کی بات نہیں تاہم مذکورہ مقالہ تحریر کرتے وقت تلاشِ بسیار کے بعد تقابل ادیان پر جن جامع اور قابلِ ذکر برقی کتب (جن میں کم از کم تین یا اس سے زائد ادیان ومذاہب کو زیر بحث لایا گیا ہو) تک رسائی ہوئی ان کا تعارف اور موضوعاتی جائزہ یہاں پر پیش کیا گیا۔

| S# | نام کتاب | نام مصنف/مؤلف/مرتّب/مترجم |
|---|---|---|
| .1 | تقابل ادیان | حافظ شیخ ابو خالد ابراہیم محمد عبد المالک المدنی |
| .2 | اسلام اور مذاہب عالم (مذاہب عالم کا بنیادی تعارف) | حافظ محمد شارق |
| .3 | اقوام عالم کے ادیان مذاہب (المسمّٰی بالنقوش النّاضرۃ) | مؤلف: عبد القادر شیبۃ الحمد، مترجم: ابو عبد اللہ محمد شعیب |
| .4 | دنیا کے بڑے مذاہب | عماد الحسن آزاد فاروقی |
| .5 | اسلام اور مذاہب عالم (تقابلی مطالعہ) | محمد مظہر الدین صدیقی |

| | | |
|---|---|---|
| .6 | مذاہبِ عالم | احمد عبد اللہ |
| .7 | مکالمہ بین المذاہب | مولانا ولی خان المظفر |
| .8 | مجھے ہے حکمِ اذاں (اہم مذاہب میں خدا کا تصور) | مؤلف: ڈاکٹر عبد الکریم ذاکر نائک، مترجم: عطا تراب |
| .9 | مذاہبِ عالم کا تقابلی مطالعہ | علامہ نیاز فتح پوری |
| .10 | دنیا کے عظیم مذاہب | سید حسن ریاض |
| .11 | بعثتِ نبوی ﷺ پر مذاہبِ عالم کی گواہی | تحقیق و تحریر: شیریں زادہ خدو خیل |
| .12 | یہودیت، عیسائیت اور اسلام | مؤلف: شیخ احمد دیدات، مترجم: مصباح اکرم |
| .13 | کنفیوشس، زرتشت اور اسلام | مؤلف: شیخ احمد دیداتؒ، مترجم: مصباح اکرم |
| .14 | مذاہب عالم میں شادی بیاہ کی تعلیمات | حافظ محمد زاہد |

درج ذیل سطور میں مذکورہ بالا منتخب کتب اور ان کے متعلقہ Websites[4] کا تعارف اور مندرجات کا مختصر جائزہ پیش کیا جارہا ہے۔

### 1. تقابل ادیان

مذاہب عالم کے تعارف اور تقابلی مطالعہ پر "تقابل ادیان" ہی کے نام سے موسوم اس کتاب کے مرتّب حافظ شیخ ابو خالد ابراہیم محمد عبد المالک المدنی،[5] ہیں۔ کتاب پر سن اشاعت درج نہیں ہے۔ کتاب کے آغاز میں مؤلف نے " دین ومذہب" کا مفہوم واضح کرنے کے بعد کل نو(۹) ادیان ومذاہب (جین مت، کنفیوش مت، بدھ مت، شنٹو مت، تاؤمت، زرتشت[6]، سکھ مذہب، ہندو مذہب، یہودیت اور عیسائیت) کا تذکرہ کیا ہے۔ اس کتاب کی اہم ترین خصوصیت یہ ہے کہ مذکورہ مذاہب کا مناسب تعارف درج کرنے کے بعد مؤلف نے ہر مذہب کا دینِ اسلام کے ساتھ تقابل کیا ہے جس میں عیسائیت اور یہودیت کا اسلام سے تقابل قدرے تفصیلی ہے[7]۔ یہ کتاب انٹرنیٹ پر کافی تلاش کے بعد میں حاصل ہوئی ہے اور صرف www.abukhalid.org.pk پر عکسی (Image) صورت میں ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہے۔

## 2. اسلام اور مذاہب عالم (مذاہب عالم کا بنیادی تعارف)

انٹرنیٹ پر محمد مبشر نذیر اوران کی ٹیم نے http://www.islamic-studies.info ویب گاہ پر دینی علوم کے شائقین کے لیے ایک منفرد اور اختراعی "علوم اسلامیہ پروگرام "ترتیب دیا ہے جس میں عربی زبان، علوم القرآن، علوم الحدیث، امت مسلمہ کی تاریخ، علم الفقہ، تعمیر شخصیت وتزکیہ نفس، مذاہب عالم کا تقابلی مطالعہ جیسے مختلف آن لائن پروگرامز / کورسز بلا معاوضہ پیش کیے جاتے ہیں۔ مذکورہ بالا" مذاہب عالم کا تقابلی مطالعہ پروگرام "میں دنیاکے مشہور مذاہب سے متعلق ایک سیریز شامل کی گئی ہے جس کے مقاصد غیر متعصبانہ انداز میں ان مذاہب کے عقائد و نظریات، فلسفہ، رسوم ورواج، عبادات و تاریخ سے واقفیت حاصل کرنا اور دین اسلام اور دیگر مذاہب کے درمیان مشترک پہلو تلاش کرنا ہے تاکہ ان کی مدد سے اسلام کی دعوت کی حکمت عملی تیار کی جائے۔"مذاہب عالم کا تقابلی مطالعہ " نامی اس پروگرام کے متعلق پروگرام کے مرتب محمد مبشر نذیر لکھتے ہیں:" تقابل ادیان کے جو کورسز مختلف دینی مدارس اور جدید یونیورسٹیوں میں پڑھائے جارہے ہیں، انہیں بالعموم متعصبانہ انداز میں لکھا جاتا ہے اور ان کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ مصنف کے مذہب کی برتری کو بھونڈے سے انداز میں بیان کیا جائے۔ دیگر مذاہب کی منفی باتوں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر نکالا جاتا ہے اور مثبت چیزوں کو نظر انداز کرتے ہوئے اپنے مذہب کے مثبت پہلوؤں کو نمایاں کیا جاتا ہے۔ اس سے قوم پرستی کے جذبے کی تسکین ہو تو ہو، مگر دعوت دین کے لیے یہ اسلوب نہایت ہی غیر موزوں ہے۔ اس سے نہ تو دیگر مذاہب کا صحیح فہم حاصل ہو سکتا ہے اور نہ ہی اسلام کی دعوت کے لیے کوئی مناسب حکمت عملی تیار کی جاسکتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم دیگر مذاہب کا نہایت ہی بے تعصبی سے غیر جانبدارانہ مطالعہ کریں تاکہ ان کا صحیح فہم حاصل کرنے کے بعد ان کے سامنے اسلام کا مثبت تعارف پیش کر سکیں۔ کس مذہب میں کیا خوبی ہے اور کیا کمزوری، اس کا فیصلہ قارئین کی ذہانت پر چھوڑ دینا چاہیے تاکہ ان میں استدلال کی طاقت پیدا ہو[8]۔ محمد بشیر صاحب نے اسلام اور مذاہب عالم کے اس مطالعاتی پروگرام کے لئے حافظ محمد شارق کی مذکورہ بالا کتاب منتخب کی ہے۔ زیر بحث کتاب "اسلام اور مذاہب عالم "اسی کورس کی درسی کتاب اوراس کا ماڈیول نمبر: WR01 (مذاہب عالم کا بنیادی تعارف) ہے۔ کورس کے دیگر چھ ماڈیولز کے لیے نصابی کتب ابھی تیاری کے مراحل میں ہیں[9]۔

مذکورہ کتاب کے مؤلف حافظ محمد شارق اور صفحات ۱۵۳ ہیں۔ کتاب پر سالِ اشاعت درج نہیں ہے۔ کتاب کل چھ ابواب میں منقسم ہے جس میں مجموعی طورپر دس (۱۰)ادیان ومذاہب کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔ ابتدائی صفحات میں تعارف (تقدیم) کے بعد بالترتیب باب اول میں یہودیت، باب دوم میں

عیسائیت، باب سوم میں ہندومت، باب چہارم میں بدھ مت، باب پنجم میں الحاد اور باب ششم میں زرتشتیت، سکھ مت، کنفیوشس ازم، شنٹو ازم، تاؤازم اور مانویت کا بنیادی تعارف پیش کیا گیا ہے۔ خاتمہ میں بڑے مذاہب کا جدولی تقابل اور ببلیو گرافی (فہرست مصادر و مراجع) مندرج ہے۔ مذکورہ کتاب صرف برقی صورت میں دستیاب ہے جس کو یا تو خود کو www.islamic–studies.info[10] ویب گاہ پر "مذاہب عالم کا تقابلی مطالعہ" کورس میں رجسٹرڈ کرنے کے بعد ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے جب کہ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ "علومِ اسلامیہ پروگرام" کے روحِ رواں مبشر نذیر صاحب کی ذاتی ویب گاہ www.mubashirnazir.org[11] سے اسے بغیر کسی رجسٹریشن کے ڈاؤن لوڈ کیا جائے۔

### 3. اقوام عالم کے ادیان و مذاہب

یہ دراصل مدینہ یونیورسٹی کے ایک پروفیسر ڈاکٹر عبد القادر شیبۃ الحمد کی عربی کتاب "الادیان والفرق والمذاهب المعاصرة" کا اردو ترجمہ ہے جس کے مترجم ابو عبداللہ محمد شعیب اور صفحات ۲۳۹ ہیں۔ کتاب پر نظرِ ثانی ابو محمد محمد ادریس اثری نے کی ہے۔ اس کتاب کو دارالسلام پاکستان اور سوہدرہ پبلی کیشنز گوجرانوالہ نے باہم اشتراک سے مئی ۲۰۰۷ء میں پہلی دفعہ شائع کیا ہے۔ اس کتاب میں مؤلف نے نبوت و رسالت کا تعارف، چھ مذاہب (یہودیت، عیسائیت، ہندومت، بدھ مت اور قادیانیت) اور کثیر گروہوں کا مفصل تذکرہ پیش کیا گیا ہے، بعض کا دینِ اسلام کے ساتھ مختصر تقابل کیا ہے اور ان کی ابتداء، عقائد و نظریات، بانیان کے احوال اور مقدس کتب کے بارے میں معلومات فراہم کی ہیں۔ اس کتاب کی ایک امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ یہ جامعہ مدینہ منورہ میں گریجویشن کی سطح پر شاملِ نصاب ہے۔ یہ کتاب متعدد ویب گاہوں پر آن لائن مطالعہ / ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہے جن میں مجلس التحقیق الاسلامی کا مفت آن لائن مکتبہ www.kitabosunnat.com[12] اور www.islamhouse.com[13] قابل ذکر ہیں۔

### 4. دنیا کے بڑے مذاہب

چار سو صفحات پر مشتمل اس کتاب کے مؤلف عماد الحسن آزاد فاروقی ہیں جب کہ ناشر مکتبہ جامعہ لمیٹڈ نئی دہلی، بھارت اور موجودہ اشاعت اول کی تاریخ اشاعت دسمبر ۱۹۸۶ء ہے۔ مؤلف نے کتاب کا انتساب "ٹمپل یونیورسٹی (فلاڈلفیا) کے شعبہ مذہب کی طرف کیا ہے جہاں مؤلف کو سب سے پہلے دوسرے مذاہب سے متعارف ہونے کا موقع ملا۔ اس کتاب میں مؤلف نے مجموعی طور پر آٹھ مذاہب (ہندومت، بدھ مت، جین مت، زرتشتیت، سکھ مت، یہودیت، عیسائیت اور اسلام) پر مفصل

بحث کی ہے اس کے علاوہ مذکورہ مذاہب کی مقدس کتابوں سے مختلف اقتباسات پر آٹھ ضمیمہ جات بھی شامل ہیں۔یہ کتاب مطبوعہ اور برقی دونوں صورتوں میں دستیاب ہے۔کتاب کی برقی کاپی ایک سے زائد ویب گاہوں پر ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے جن میں [14]www.scribd.com اور [15]www.mediafire.com قابل ذکر ہیں۔

### 5. اسلام اور مذاہب عالم (تقابلی مطالعہ)

دو سو چھیالیس صفحات پر مشتمل اس کتاب کے مؤلف محمد مظہر الدین صدیقی ہیں۔کتاب کی پی ڈی ایف کاپی پر ناشر اور سنِ اشاعت درج نہیں ہے۔مؤلف نے چھ مذاہبِ عالم بالترتیب ہندو مذہب، بدھ مذہب، ایرانی مذاہب (مجوسی مذہب اور مانوی مذہب)، یہودی مذہب، عیسائیت اور دیگر ضروری موضوعات پر بحث کی ہے۔یہ کتاب [16]www.scribd.com پر آن لائن مطالعہ اور ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہے۔

### 6. مذاہبِ عالم

تین سو انیس صفحات پر مشتمل اس کتاب کے مؤلف احمد عبد اللہ ہیں۔اسے مکی دار الکتب لاہور نے جنوری ۲۰۰۲ء میں شائع کیا ہے۔مذہب کی حقیقت اور مذہبی تصورات کا ارتقاء ذکر کرنے کے بعد مؤلف نے کل نو(۹) ادیان و مذاہب (اسلام، بدھ مت، تاؤمت، سکھ مت، شنٹو مت، عیسائیت، کنفیوشس مت، ہندو مذہبب اور یہودی مذہب) کا مفصل تعارف و تذکرہ پیش کیا ہے۔آخر میں حوالہ جات کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔یہ کتاب [17]www.only1or3.com پر ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہے۔مذکورہ ویب گاہ پر تقابل ادیان بالخصوص عیسائیت پر سینکڑوں قدیم و جدید برقی کتب و پمفلٹس بھی بلا معاوضہ دستیاب ہیں۔

### 7. مکالمہ بین المذاہب

اس کتاب کا پورا نام "محاضرات فی الفرق والادیان یعنی مکالمہ بین المذاہب" ہے جو جامعہ فاروقیہ کراچی کے استاذ الحدیث مولانا ولی خان المظفر کے افادات سے ماخوذ ہے۔کتاب کی ضبط و ترتیب بشیر احمد بن اظہار میاں، فاضل جامعہ فاروقیہ، کراچی نے انجام دی ہے جب کہ تخریج و تحقیق جامعہ فاروقیہ، کراچی کے شعبہ ادب عربی کے متخصص جناب ناصر بن ابی سعید، متخصص فی الادب، نے کی ہے۔کتاب کے کل صفحات ۳۷۵ ہیں جسے مکتبہ فاروقیہ، شاہ فیصل ٹاؤن، کراچی جسے ۲۰۰۷ء میں شائع کیا ہے۔اس کتاب سے تقابل ادیان اور علم الکلام دونوں مضامین میں استفادہ کیا جاسکتا ہے اس لیے کہ یہ ادیان و مذاہب، فرق

و مکاتب، افکار و نظریات وغیرہ پر ضروری معلومات فراہم کرتی ہے البتہ متعلقہ موضوعات پر پیش کردہ مضامین زیادہ مفصل نہیں ہیں۔ کتاب کل چار ابواب میں منقسم ہے۔ باب اول ادیان و مذاہب، باب ثانی فرق و مکاتب، باب ثالث افکار و نظریات اور باب رابع اشتات و متفرقات کے نام سے موسوم ہے۔
تقابل ادیان کے حوالے سے اس کتاب میں کل چودہ (۱۴) ادیان و مذاہب (اسلام، عیسائیت، یہودیت، تاؤمت، کنفیوشزم، شنٹوازم، سکھ مت، بدھ مت، جین مت، ہندومت، مجوسیت، ذکری، بابی / بہائی اور قادیانی) کا تعارف اور مختلف جہتوں سے معلومات فراہم کی گئیں ہیں۔ یہ کتاب مطبوعہ اور برقی دونوں صورتوں میں دستیاب ہے اور اس کی برقی کاپی [18] www.only1or3.com سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہے۔

### 8. مجھے ہے حکمِ اذاں (اہم مذاہب میں خدا کا تصور)

اس کتاب کے مؤلف تقابل ادیان کے معروف معاصر سکالر ڈاکٹر عبدالکریم ذاکر نائیک جب کہ عطاتراب نے اردو ترجمہ کیا ہے۔ ایک سو گیارہ صفحات پر مشتمل کتاب کو رُمیل ہاؤس آف پبلی کیشنز راولپنڈی نے ستمبر ۲۰۰۷ء میں اشاعت دوم کے تحت شائع کیا ہے۔ یہ کتاب اہم عالمی مذاہب کی درجہ بندی کے ساتھ ساتھ چھ (٦) ادیان و مذاہب (بالترتیب ہندومت، سکھ مت، زرتشتی مت، یہودیت، عیسائیت اور اسلام) میں تصورالہٰ سے بحث کرتی ہے اور اس کے علاوہ بزمِ سوال و جواب میں تقابل ادیان کے سترہ (۱۷) مختلف موضوعات پر سوالات کے تسلی بخش جوابات بھی پیش کرتی ہے۔ یہ کتاب [19] www.only1or3.com پر ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے۔

### 9. مذاہبِ عالم کا تقابلی مطالعہ

اس کتاب کے مؤلف علامہ نیاز فتح پوری، صفحات ۹۴، ناشر آواز اشاعت گھر لاہور اور سنِ اشاعت نامعلوم ہے۔ اس مختصر کتاب کے عناوین میں مذاہب تاریخی، مذاہب الہند، مذاہب امریکہ، مذاہب عجم، یورپ، مسیحیت، مصر قدیم ایران قدیم اور یونان قدیم قابل ذکر ہیں۔ کتاب کا اسلوب نگارش ادبی ہے اور زیادہ عام فہم نہیں ہے۔ موضوعات کی ترتیب و تدوین بھی قدرے پیچیدہ ہے اور تقابل ادیان کے طلباء کی درسی ضروریات کے غیر موافق ہے۔ بہر حال مؤلف کی پیش کردہ معلومات مفید اور کارآمد ہیں۔ یہ کتاب [20] www.scribd.com پر آن لائن مطالعہ یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہے۔

### 10. دنیا کے عظیم مذاہب

یہ صرف ۳۲صفحات پر مشتمل سید حسن ریاض کی تحریری کاوش ہے جو پاکستان کمیٹی کانگرس فار کلچرل فریڈم کے تعاون سے اگست ۱۹۵۹ء میں شائع ہوئی ہے۔اس کتابچہ میں کل نو(۹)ادیان ومذاہب (بالترتیب ہندومذہب، بدھ مذہب، زردشتی مذہب، کنفیوشی مذہب، ٹاؤمذہب ، شنٹومذہب، یہودی مذہب،عیسائی مذہب اوراسلام ) کاانتہائی مختصر تعارف پیش کیاگیاہے۔اس کتابچہ کو www.mediafire.com[21] سے ڈاؤن لوڈ کیاجاسکتاہے۔

### 11. بعثتِ نبوی ﷺ پر مذاہبِ عالم کی گواہی

اس کتاب کے مؤلف شیریں زادہ خدوخیل،صفحات ۱۴۱،ناشر الفیصل ناشران وتاجران کتب لاہوراور تاریخ اشاعت فروری ۲۰۰۶ءہے۔کتاب کاموضوع اگرچہ رسولِ اکرم ﷺ کادیگرادیان ومذاہب میں تذکرہ یابشارت ہے مگراس کے ساتھ ساتھ اس کتاب میں چھ (٦)ادیان ومذاہب( بالترتیب ہندومت، بدھ مت، مجوسیت، یہودیت اورعیسائیت ) کاتعارفی مطالعہ بھی پیش کیاگیا ہے۔یہ کتاب ایک سے زائد ویب گاہوں سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہے جن میں www.kitabosunnat.com[22]، www.sirat-e-mustaqeem.com[23] اور www.archive.org[24] قابل ذکر ہیں۔

### 12. یہودیت،عیسائیت اوراسلام

یہ کتاب دراصل تقابل ادیان کے معروف عالمی سکالر شیخ احمد دیدات کی کتاب "تقابل الادیان السماویہ" کااردوترجمہ ہےجس کاپورانام یہودیت،عیسائیت اوراسلام (پس منظر،اہم معلومات،سنسنی خیز حقائق اور تقابل)" ہے ۔اس کے مترجم مصباح اکرم،صفحات ۶۲۴،ناشر عبداللہ اکیڈمی لاہور اورسنِ اشاعت ۲۰۱۰ءہے۔کتاب کی ترتیب وتحقیق مفتی محمد وسیم اکرم القادری نے انجام دی ہے۔ اس کتاب میں ادیانِ ثلاثہ یعنی یہودیت،عیسائیت اوراسلام پر انتہائی سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ آغاز میں تقابل ادیان کے مبادیات پر مفصل روشنی ڈالی گئی ہے اس کے بعد بالترتیب حصہ اول میں دینِ یہود، حصہ دوم میں دینِ مسیح اور حصہ سوم میں دینِ اسلام کا مفصل تذکرہ ہے اور ہر حصے میں کافی سارے ذیلی عناوین کے تحت معلومات فراہم کی گئیں ہیں۔کتاب کاحصہ چہارم ادیانِ ثلاثہ کے تقابل پر ہے جس کے حصہ اول میں یہودیت اوراسلام کاتقابل،حصہ دوم میں عیسائیت ، حصہ سوم میں بائبل اور قرآن کا تقابل اور حصہ چہارم میں پیغمبر اسلام ﷺ اور دیگر بانیانِ مذاہب کاتقابل بالترتیب پیش کیاگیا ہے۔اس

کتاب کی برقی کاپی www.only1or3.com[25] اور www.onlyoneorthree.com پر ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے۔

### 13. کنفیوشس، زرتشت اور اسلام

اس کتاب کا پورا نام" کنفیوشس، زرتشت اور اسلام (پسِ منظر، اہم معلومات، سنسنی خیز حقائق اور تقابل)" ہے۔ مؤلف شیخ احمد دیداتؒ، مترجم مصباح اکرم، صفحات ۱۷۴، ناشر عبد اللہ اکیڈمی لاہور اور سنِ اشاعت ۲۰۱۰ء ہے۔کتاب کی ترتیبِ جدید مفتی محمد وسیم اکرم القادری نے انجام دی ہے۔ کتاب کے آغاز میں مذاہب عالم کی اقسام پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس کے بعد بالترتیب حصہ اول میں کنفیوشس ازم، حصہ دوم میں زرتشت ازم اور حصہ سوم میں دینِ اسلام کا مفصل تعارف و جائزہ پیش جب کہ حصہ چہارم مذکورہ مذاہب کے تقابل پر ہے جو تین اجزاء پر مشتمل ہے۔اس مفید و کارآمد کتاب کی برقی کاپی www.only1or3.com[26] اور www.onlyoneorthree.com پر ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے۔

### 14. مذاہب عالم میں شادی بیاہ کی تعلیمات

یہ دراصل ایک نوجوان فاضل حافظ محمد زاہد بن منور حسین کا پنجاب یونیورسٹی لاہور میں ۰۷-۲۰۰۶ء میں منظور شدہ ایم اے کی سطح کا تحقیقی مقالہ ہے جس کا اصل عنوان "شرائط ولوزامات نکاح: ادیان و مذاہب کا مطالعہ "ہے۔اس مقالہ کو"مذاہب عالم میں شادی بیاہ کی تعلیمات"کے عنوان سے دارالنوادر نے کتابی صورت میں شائع کیاہے جو کہ ۲۷۲ صفحات پر محیط ہے۔ مقالہ نگار نے تین بڑے مذاہب اور تہذیبوں کا مطالعہ کر کے حاصل مطالعہ اس کتاب میں جمع کر دیا ہے۔کتاب پانچ ابواب میں منقسم ہے۔بابِ اوّل میں نکاح کی تعریف اور معنی و مفہوم اور مختلف قدیم تہذیبوں (یونانی، رومی، ایرانی، مصری، ہندوستانی، اور عربی)میں شادی بیاہ کے قوانین کو مختصراً بیان کیا گیا ہے۔ باب دوم میں شادی بیاہ کے ضمن میں ہندومت، بابِ سوم میں یہودیت اور بابِ چہارم میں عیسائیت کی تعلیمات و رسومات کا تذکرہ کیا ہے جب کہ بابِ پنجم میں اسلامی تعلیمات اور قوانین کا مفصل بیان ہے۔مؤلف نے معلومات کو اچھے انداز میں بلا تعصب ذکر کیاہے۔یہ کتاب www.kitabosunnat.com[27] پر براہِ راست مطالعہ یاڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے موجود ہے۔

**خلاصۂ بحث:**

جدید ذرائع ابلاغ کے اس دور میں نادرونایاب کتب اور مطالعاتی مواداب کثیر تعداد میں انتہائی سہولت کے ساتھ انٹرنیٹ پر دستیاب ہیں جس سے کوئی بھی شخص دنیاکے کسی بھی گوشے میں کسی بھی وقت بلا معاوضہ علمی استفادہ اوراپنے حلقہ اثر میں اس کی اشاعت کر سکتا ہے ۔

**حواشی وحوالہ جات:**

[1] کنفیوشس مت کو اکثر ماہرین مذہب کی بجائے ایک قدیم چینی فلسفہ گردانتے ہیں۔

[2] بعض ماہرین شنٹو کو مذہب کی بجائے محض ایک قدیم جاپانی فلسفہ سمجھتے ہیں تاہم ایک وقت میں یہ جاپان کا سرکاری مذہب بھی رہ چکا ہے۔

[3] یعنی کسی بھی الیکٹرانک فارمیٹ مثلاً پی ڈی ایف(Portable Document Format)، عکسی / تصویری صورت (Image Format)، یونی کوڈ اوران پیج وغیرہ میں دستیاب کتب جس کو E-Books بھی کہتے ہیں۔منتخب کتب زیادہ ترPDFصورت میں ہیں۔

[4] websites سے مراد ہے انٹرنیٹ کے ذریعے رسائی کا پتہ جس کو عربی میں الموقع اورانگریزی میں Web/Weblink/Website Address کہتے ہیں،مثلاً http://www.mohaddis.com

[5] ناشر کتاب: الرحمہ ایجوکیشن سوسائٹی (رجسٹرڈ)، بانٹوا نگر، عائشہ نگر، بالمقابل بلوچ ہوٹل، نزد حسن اسکوائر، کراچی

[6] فقط "زرتشت" جو مذکورہ کتاب میں دیا گیا ہے وہ تو مذہب کا نہیں بلکہ اس کے بانی کا نام ہے۔

[7] یہ کتاب درج ذیل Website پر عکس (Image) کی صورت میں ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے دستیاب ہے : #http://abukhalid.org.pk/Religions1.php

[8] اسلام اور مذاہب عالم (ماڈیول WR01: مذاہب عالم کا بنیادی تعارف)، حافظ محمد شارق، ص:۹، علوم اسلامیہ پروگرام (آن لائن)،

www.islamic-studies.info

[9] اس پروگرام کا تشکیلی ڈھانچہ کچھ اس طرح ہے کہ دینی طلباء کی علمیت، ذہانت اور علاقے کے اعتبار سے فرق کو مدنظر رکھتے ہوئے اس پروگرام کو کل سات Modules (نصابی نمونوں) میں تقسیم کیا گیا ہے۔پہلے ماڈیول میں دنیا کے بڑے مذاہب جیسے ہندومت، عیسائیت، یہودیت، بدھ مت اور الحاد کا تعارف اور ان کی تاریخ کا اجمالی مطالعہ ، دوسرے ماڈیول میں ہندومت، تیسرے ماڈیول میں الحاد، چوتھے ماڈیول میں یہودیت پانچویں ماڈیول میں عیسائیت اور چھٹے ماڈیول میں بدھ مذہب کا مفصل مطالعہ کرایا جاتا ہے جب کہ ساتواں ماڈیول دنیا کے اہم مذاہب کے علاوہ دیگر مذاہب مثلاً کنفیوشسزم، تاؤازم، پارسی اور دیگر پر مشتمل ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اس ماڈیول میں مختلف مذہبی تحریکوں کا بھی مطالعہ بھی کرایا جاتا ہے۔

[10]**Course Registration Link:** http://www.islamic_studies.info_/_?page_id=319

[11]http://www.mubashirnazir.org/Courses/WR/WR001-00 Urdu . htm

[12]:http://www.kitabosunnat.com/kutub-library/article/urdu islami-kutub/181-total-books/557-aqwame-alim-k-adyan-w mazahib.html;www.kitabosunnat.com/kutublibrary.html?task=g&link=8395;www.kitabosunnat.com/kutublibrary.html?task=g&link=14505;www.kitabosunnat.com/kutublibrary.html?task=g&link=8396

[13]www.islamhouse.com/d/files/ur/ih_books/single/ur_Aqwam_e Aalam_k_Adyan_o_Mazahib.pdf

[14]http://www.scribd.com/doc/24897066/Dunya-Kay-Baray-Mazahib

[15]http://www.mediafire.com/download/b7pgqw905qz5hci/Dunya+Ke+Bare+Mazahib+By+Emad+Ul+Hassan+Azad+Farooqi+urdunovelist.blogspot.com.pdf

[16]http://www.scribd.com/doc/60064667/Islam-Aur-Deegar Mazahib-e-Aalam-by-Muhammad-Mazhar-Ul-din-Saddiqi-4Sc; http: //www .scribd .com/doc/60064667/Islam-Aur-Deegar-Mazahib-e-Aalam-by-Muhammad-Mazhar-Ul-din-Saddiqi-4Sc

[17] http://only1or3.com/books/mazahib-e-aalam/index.html

[18]http://only1or3.com/books/mukalma%20bain-al-mzahab/index.html

[19]http://www.only1or3.com/books/mujhay%20hai%20hukm-e-azan/index.html

[20]http://www.scribd.com/doc/47725798/mazahib-alam-niyaz-fatehpuri;http://www.scribd.com/doc/77606517/Mazahib-Alam

[21]http://www.mediafire.com/download/pxufi1s48aguy74/Dunya+Ke+Azeem +Mazahib..pdf

[22]http://www.kitabosunnat.com/kutub-library/article/urdu-islami-kutub/20-siar-o-sawanih/490-baisat-e-nabvi-pbuh-par-mazahib-e-aalam-ki-gawahi.html

[23]http://sirat-e-mustaqeem.com/basat-e-nabvi-pbuh-pr-mazahib-e-alam-ki-gawahi_book-3944.html

[24]http://archive.org/details/BasatENabviPBUHPrMazahibEAlamKiGawahi_201308

[25]http://only1or3.com/books/yahudiyat,eisayat%20&%20islam/index.html

[26]http://only1or3.com/books/kunfucius,zartasht%20&%20islam/index.html

[27]http://kitabosunnat.com/kutub-library/article/urdu-islami-kutub/18-taqabul-adyan/2731-mazahib-e-aalem-me-shadi-biyah-ki-talemat.html